نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر اعلیٰ پنجاب سموگ کنٹرول پروگرام کے تحت 60 فیصد سبسڈی پر سپر سیڈرز کی فراہمی کا پروگرام

اس پروگرام کے تحت درخواستیں جمع کرانے کی تاریخ میں 15 مئی 2025 تک توسیع کر دی گئی ہے

لاہور 27 اپریل 2025: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب سموگ کنٹرول پروگرام کے تحت 60 فیصد سبسڈی پر کاشتکاروں کو سپر سیڈرز کی فراہمی کا پروگرام جاری ہے۔اس ضمن میں درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ میں 15 مئی 2025 تک توسیع کر دی گئی ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر اس پروگرام کا دائرہ کار پورے پنجاب تک بڑھا دیا گیا ہے۔اس پروگرام سے استفادہ کرنے کیلئے درخواست گزار کے پاس کم از کم 65 ہارس پاور کا ٹریکٹر ہونا لازمی ہے۔درخواست فارم محکمہ زراعت پنجاب کی آفیشل ویب سائٹ (www,agripunjab.gov.pk) سے ڈاؤن لوڈ کئے جا سکتے ہیں۔علاوہ ازیں کاشتکار اپنے متعلقہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر (زرعی انجینئرنگ) یا ایگریکلچر آفیسر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفاتر سے بھی فارم حاصل کر کے اپنی درخواستیں جمع کرا سکتے ہیں۔درخواست فارم کے ساتھ شناختی کارڈ کی مصدقہ فوٹو کاپی اور ٹریکٹر کی ملکیت کے مستند دستاویزات منسلک کرنا لازمی ہو گا۔

☆☆☆☆